1989ء سے مسلسل اشاعت | 28 اپریل تا 4 مئی 2023 | شمارہ نمبر 18 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-



## FAIR TRADE (Pvt) Limted

**A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board**

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

## ISO 900: 2015
## International Business Management
## CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER


Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی ولاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




**SELF ADHESIVE STICKER PAPER**
**INDONESIA**

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

**indah kiat**
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




**IK GOLD, X-BRITE**
**IK COPY PAPER**




**SINARSPECTRA**
premium colour paper




spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
*Sinar Tech*



## SINARSPECTRA
## COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک | قیمت 100 روپے

پیپر بزنس

پبلشرز: حرا رؤف

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

بانی: محمد رؤف

ایڈیٹوریل بورڈ:
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی
سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری
معاون: عدنان انصاری

رابطہ آفس

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،
بلاک M، نارتھ ناظم آباد،
بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
weeklypaperbusiness@gmail.com
فون: 0300-2933229
ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

چارجز: (سالانہ)

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے
بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
IBAN No: PK72SUMB025602714112960

# 29 مارچ سے ان کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی وی بوک سے بھی ہٹا دی گئی

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) نیشنل ٹیرف کمیشن نے 30 مارچ 2018 کو پانچ سال کے لئے بعض اقسام کے ''ان کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر'' پر جو اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کی تھی اس کی مدت 29 مارچ 2023 کو ختم ہوگئی ہے۔ اس طرح 30 مارچ سے برازیل، چائنا، انڈونیشیا، جاپان اور تھائی لینڈ سے آنے والی کنسائنمنٹ پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کا اطلاق ختم ہوگیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ کسٹم کے وی بوک سسٹم سے بھی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ سے متعلق نوٹس کو بھی ہٹا دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ اس سلسلے میں کمیشن نے 29 مارچ 2023 کو ایک نوٹس کے ذریعے مطلع کیا تھا کہ میسرز بلھے شاہ پیکجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے 10 فروری 2023 کو کمیشن کو درخواست (Sunset-Review) کی ہے کہ ان آئٹمز پر دوبارہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کر دی جائے بصورت دیگر مقامی صنعت کو نقصانات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ تاہم کمیشن نے واضح کیا ہے کہ اس وقت کمیشن کے چیئرمین اور ممبر کی نشستیں خالی ہیں اس لئے کورم نہ ہونے کے باعث کسی بھی کارروائی کا آغاز نہیں کرسکتا ہے۔ اس صورت حال کے باعث اب قانونی طور پر رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر کسی قسم کی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد نہیں رہی اور کمیشن کی جانب سے آئندہ کارروائی کے آغاز اور اس کے نفاذ کے اعلان تک فی الحال کوئی ڈیوٹی نافذ نہیں ہوگی۔ واضح رہے کہ نیشنل ٹیرف کمیشن نے ڈیوٹی کے خاتمے سے 3 ماہ قبل 28 دسمبر 2022 کو اس ڈیوٹی کے مکمل ہونے کے بارے میں نوٹس شائع کر دیا تھا جس کے جواب میں بلھے شاہ پیکجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ نے اس کے دوبارہ نفاذ کے لئے یہ درخواست دائر کی ہے۔ اس سے قبل نیشنل ٹیرف کمیشن اسلام آباد نے 30 مارچ 2018 کو اپنی ویب سائٹ پر 30 مارچ کے اخبارات کے ذریعے رائٹنگ و پرنٹنگ و فوٹو کاپی پیپر پر حتمی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ کا نوٹس جاری کیا تھا جس کا اطلاق 30 مارچ 2018 سے ہوگیا ہے۔ مزید برآں 26 اپریل 2017 کو کمیشن نے مینوفیکچررز و درآمد کنندگان دونوں کو ملک کے موجودہ حالات کے مطابق خوش رکھنے کی کامیاب کوشش کرتے ہوئے کہا تھا کہ کمیشن قانون کے مطابق اس بات پر مطمئن ہے کہ رائٹنگ و پرنٹنگ پیپر پر عبوری اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کردی جائے تاہم وہ فی الحال اسے نافذ نہیں کر رہا ہے۔ این ٹی سی کے اس فیصلے کو سندھ، لاہور ہائی کورٹ سمیت دیگر درآمد کنندگان نے چیلنج کر رکھا تھا جس کے باعث این ٹی سی اسے نافذ نہیں کرسکا تھا۔ بلھے شاہ پیکیجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کی درخواست پر 16 جنوری 2016 کو اینٹی ڈمپنگ ایکٹ کے تحت شروع کی گئی تحقیقات کی روشنی میں اینٹی ڈمپنگ کی شرح کا تعین انڈونیشیا کے برآمد کنندگان کی جانب سے فراہم کی گئی معلومات و اعداد وشمار کی بنیاد پر کیا گیا تھا جبکہ دیگر ممالک کے لیے ڈمپنگ کی شرح کا تعین دفعہ 32 کے تحت بہترین دستیاب معلومات کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔ کمیشن نے زیر تحقیق پیپر کے آئٹمز ایچ ایس کوڈ
4802-5510,4802-5600,4802-5700,
4802-6100&
4802-6200
کی برازیل، چائنا، انڈونیشیا، جاپان اور تھائی لینڈ سے ڈمپ قیمتوں پر پاکستان میں امپورٹ پر درآمدی ویلیو کی بنیاد پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی چارٹ میں درج شرحوں سے نافذ کی گئی تھی۔ چارٹ ذیل میں دیا گیا ہے۔

| Exporter/ Producer | Antidumping Duty % of C&F Price |
|---|---|
| **Brazil** | |
| • All exporters | 42.80 |
| **China** | |
| • All exporters | 21.90 |
| **Indonesia** | |
| • PT. Indah Kiat Pulp and Paper Tbk | 10.62 |
| • PT. Pabrik Kertas Tjiwi Kimia Tbk | 10.62 |
| • PT. Pindo Deli Pulp and Paper Mills | 10.62 |
| • PT. Riau Andalan Kertas | 20.66 |
| • All others | 20.66 |
| **Japan** | |
| • All exporters | 50.39 |
| **Thailand** | |
| • All exporters | 14.25 |

# بلوچستان کے سرحدی علاقوں پر اسمگلنگ روکنے کیلئے مانیٹرنگ کی حد میں اضافہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے افغانستان، انڈیا اور ایران کے بارڈر ایریا کے مخصوص علاقوں کو متعین کیا ہے جس کے بعد ان مقامات پر اسمگلنگ کے سامان کی چیکنگ کی جاسکے گی۔ ایف بی آر کی جانب سے ایس آر او 499 جاری کیا گیا ہے۔ اس نوٹیفکیشن کے مطابق ایف بی آر کو کسٹم ایکٹ 1969 کے قوانین کے تحت دیئے گئے اختیارات کو استعمال کرنے کا طریقہ واضح کر دیا گیا ہے۔ اس ایس آر او کے مطابق ایف بی آر نے سرحدی علاقوں سے ملحق 10 کلومیٹر کے اندر اندر اسمگلنگ مانیٹرنگ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ ان مقامات میں ژوب، شیرانی، قلعہ سیف اللہ، پشین، قلعہ عبداللہ، چمن، نوشکی اور چاغی شامل ہیں۔

## اپیما سدرن زون کی روایتی عید ملن

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون کی روایتی عید ملن تقریب کے انعقاد کیلئے تیاریاں جاری ہیں۔ سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس کا کہنا ہے کہ جلد مشاورت کے بعد اس کی تاریخ کا اعلان کر دیا جائے گا اور ممبران کو انفرادی طور پر دعوت نامے جاری کئے جائیں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ٹشو پیپر، فنشڈ پروڈکٹ میں 20 ڈالر اضافہ اور جمبو رولز میں 20 ڈالر کمی، نئی ویلیوایشن کا اجرا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹریٹ کسٹم ویلیوایشن کسٹم ہاؤس کراچی کے ڈائریکٹر ویلیوایشن فیاض رسول میکن نے 11 اپریل 2023 کوٹشو پیپر فنشڈ پروڈکٹس اور جمبو رولز کی رولنگ نمبر 1459/2020 جاری کردی ہے۔ رولنگ جاری کرتے ہوئے ڈائریکٹر نے کہا ہے کہ رولنگ نمبر 1459/2020 مورخہ 20 جولائی 2020 کوجاری کی گئی تھیاور یہ دوسال سے زائد پرانی ہو گئی تھی۔ اس سلسلے میں درآمد کنندگان کی جانب سے نئی قیمتوں کی روشنی میں دوبارہ تعین کے لئے تجاویز دی تھیں۔ درآمد کنندگان کے ساتھ 20 فروری اور 16 مارچ 2023 کواجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں شرکاء نے بتایا کہ بین اقوامی مارکیٹ میں ان اشیاء کی قیمتیں کم ہوئی ہیں اور یہ بات سامنے آئی کہ دفعہ 25(1) ٹرانزیکشنل ویلیو کا طریقہ بتاتا ہے جو اس کیس میں ناقابل نفاذ تھا کیونکہ مکمل معلومات دستیاب نہیں تھیں۔ انکوائری کے بعد زیر دفعہ (7)25 کے تحت قیمتوں کا تعین کیا گیا اور اس کے لئے متعدد تھوک وخوردہ مارکیٹوں کا حقیقی قیمتوں کے جائزہ کے لئے دورہ بھی کیا گیا اور فیشل ٹشو پیپر (بکسز میں (ٹوائلٹ ٹشو، کچن ٹشو، ہینڈ ٹاولز، نیپکن ٹشو (پلاسٹک پیکجنگ شیٹس اور رولز (کی قیمتوں کے پیش نظر دفعہ (7)(9)25 کے تحت ان قیمتوں کا تعین کیا گیا۔ یہ رولنگ اس وقت تک موثر رہے گی جب تک اسے ختم یا اس پر نظر ثانی نہ کردی جائے۔ اس رولنگ پر نظر ثانی کی درخواست اس کے اجراء کے 30 دن کے اندر دفعہ 25(D) کے تحت ڈی جی ویلیو ایشن کے پاس کی جاسکتی ہے۔ نئی رولنگ میں فیشیل ٹشو پیپر (بکس (کی ویلیو میں چائنا 17850 ڈالر سے بڑھ کر کے 1805 ڈالر فی ٹن کردی گئی۔ ملائشیا، انڈونیشیا ترکی اور مصر کی ویلیو 2040 ڈالر سے بڑھا کر 2060 ڈالر یعنی 20 ڈالر فی ٹن اضافہ کیا گیا۔ یو اے ای کی ویلیو 2170 سے بڑھا کر 2190 جبکہ دیگر ممالک کی ویلیو میں 20 ڈالر فی ٹن اضافہ کیا گیا جو اب 2230 ڈالر ہوگئی ہے۔ جبکہ ٹوائلٹ ٹشو پلاسٹک پیکنگ رولز/شیٹ میں چائنا میں 1615 سے بڑھا کر 1635 کردی گئی، ملائشیا، انڈونیشیا، ترکی اور مصر کی نئی قیمت 1805 فی ٹن مقرر کی گئی ہے۔ یواے ای 1830 سے بڑھ کر 1850 ڈالر فی ٹن ہوگئی۔ دیگر ممالک کی ویلیوز 1955 ڈالر سے بڑھ 1975 ڈالر فی ٹن کردی گئی۔ جبکہ 30 کلوگرام سے بڑے ٹشو پیپر جمبو رولز کی چائنا اور بنگلہ دیش کی قیمتیں 20 ڈالر کی کمی کے بعد 900 ڈالر، یو اے ای، انڈونیشیا، ملائشیا، تھائی لینڈ، ترکی اور مصر کی قیمتیں 970 ڈالر سے کم کر کے 950 ڈالر یعنی 20 ڈالر کمی کی گئی۔ جبکہ یورپ، امریکہ اور کینیڈا کی قیمتوں میں 20 ڈالر کی کمی کی گئی اور اس کی نئی قیمت 1100 ڈالر ہوگئی ہے۔ ذیل میں گزشتہ رولنگ کا تقابلی جائزہ دیا جارہا ہے۔

## TABLE "A"

| S# | Description of Goods | PCT | Proposed PCT for WeBOC | Origin | Custom Values (C&F) in US$ /Kg Ruling No. 1336 (09-10-2018) | Custom Values (C&F) in US$ /Kg Ruling No. 1459 (20-07-2020) | Custom Values (C&F) in US$ /Kg Ruling No. 1762 (11-04-2023) New |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 1 | Facial Tissue Paper (In Boxes) | 4818.1000 4818.2000 | 4818.1000.1000 4818.2000.1000 | China | 2.10 | 1.785 | 1.805 |
| | | | 4818.1000.1100 4818.2000.1100 | Malaysia/ Indonesia/ Turkey/Egypt | 2.40 | 2.040 | 2.060 |
| | | | 4818.1000.1200 4818.2000.1200 | UAE | 2.55 | 2.170 | 2.190 |
| | | | 4818.1000.1300 4818.2000.1300 | Other | 2.60 | 2.210 | 2.230 |
| 2 | Toilet Tissue/Kitchen Tissue/Hand Towel/Napkin Tissue (Plastic Packaging Sheets/Rolls) | | 4818.1000.1400 4818.2000.1400 | China | 1.90 | 1.615 | 1.635 |
| | | | 4818.1000.1500 4818.2000.1500 | Malaysia/ Indonesia/ Turkey/Egypt | 2.10 | 1.785 | 1.805 |
| | | | 4818.1000.1600 4818.2000.1600 | UAE | 2.15 | 1.380 | 1.850 |
| | | | 4818.1000.1700 4818.2000.1700 | Other | 2.30 | 1.955 | 1.975 |

## TABLE "B"

| S# | Description of Goods | PCT | Proposed PCT for WeBOC | Origin | Custom Values (C&F) in US$ /Kg Ruling No. 1336 (09-10-2018) | Custom Values (C&F) in US$ /Kg Ruling No. 1459 (20-07-2020) | Custom Values (C&F) in US$ /Kg Ruling No. 1762 (11-04-2023) New |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 1 | Tissue Paper Jumbo Roll (above 30 kg) | 4803.0000 | 4803.0000.1000 | China/ Bangladesh | 1.15 | 0.920 | 0.900 |
| | | | 4803.0000.1100 | Malaysia/ Indonesia/ Thailand Turkey/Egypt | 1.20 | 0.970 | 0.950 |
| | | | 4803.0000.1200 | UAE | 1.20 | 0.970 | 0.950 |
| | | | 4803.0000.1300 | Europe/USA/ Canada | 1.35 | 1.120 | 1.100 |


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# عبدالمجید میمن کیلئے کراچی چیمبر کی اسمال ٹریڈرز کمیٹی کے مسلسل 24 سال چیئرمین رہنے کا اعزاز

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور سابق سینئر نائب صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عبدالمجید میمن کو مسلسل 24 سال سے کراچی چیمبر کی اسمال ٹریڈرز سب کمیٹی کے چیئرمین ہونے کا اعزاز حاصل ہوگیا ہے اور 2024 میں اسمال ٹریڈرز کمیٹی کو 25 سال پورے ہوجائیں گے اور یہ ان کی چیئرمین شپ کی سلور جوبلی ہوگی۔ عبدالمجید میمن نے پیپر بزنس کو بتایا کہ چیئرمین زبیر موتی والا کی اجازت سے انشاءاللہ کچھ تقریبات کا بھی پروگرام بنائیں گے اور مجھے یہ فخر ہے کہ ہمارے بی ایم جی کے سینئر لیڈران کراچی کے بازاروں اور ایسوسی ایشن کے لیڈران سے ملتے جاتے ہیں اور ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور یہ کراچی چیمبر کی ایک کارکردگی ہے اور یہ کمیٹی سارا سال متحرک رہتی ہے پچھلے تین چار مہینے کے دوران میری طبیعت ٹھیک نہیں تھی پھر بھی اسمال ٹریڈرز کی ایسوسی ایشن کے مسائل اور میٹنگ ہوتی تھی اس 25 سال کے دوران میں نے کم وبیش 22 سے 23 صدور کے ساتھ کام کیا اور ہماری کمیٹیوں کے کم وبیش 150 چیئرمینوں کے ساتھ کام کیا میں ان سب کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے میرے ساتھ بڑا تعاون کیا ان کی مدد و تعاون کے بغیر یہ کام ممکن نہیں تھا ان سب کاموں کو سہرا اور کریڈٹ چیئرمین مرحوم سراج قاسم تیلی کو جاتا ہے کیونکہ وہ اس کمیٹی کے بانی تھے اللہ تعالی ان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اس کے بعد چیئرمین زبیر موتی والا نے پالیسی کے تسلسل کو قائم کرنے میں میری اور خاص کر اسمال ٹریڈرز کے ممبران کی مدد اور معاونت کی اور ان کی سرپرستی کی اور سراج بھائی کی کمی پوری کی زبیر بھائی کا بڑا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے میری مدد و معاونت کی اور رہنمائی کی اس کے علاوہ بی ایم جی کے تمام عہدیداران کا بھی شکرگزار ہوں جنہوں نے ہر وقت میرے ساتھ تعاون کیا اور تمام ممبران کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔



# چائنا کی رائٹنگ وکلر پینسل پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے خاتمے کا نوٹس جاری

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) نیشنل ٹیرف کمیشن نے 6 جون 2018 کو ایک نوٹس کے ذریعے چین سے درآمد ہونے والی رائٹنگ وکلر پینسل (لیڈ پینسل) پر 5 فیصد تا 9.5 فیصد تک اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی 5 جون 2023 تک کیلئے نافذ کی تھی جس کا اطلاق 6 جون سے ہوگیا تھا۔ اب 10 مارچ 2023 کو نوٹس نمبر ADC NO52/2017/NTC/Pencil کے ذریعے مطلع کیا ہے کہ یہ ڈیوٹی 5 جون 2023 سے ختم ہو جائے گی خواہشمند مینوفیکچررز کو اس کے دوبارہ نفاذ کیلئے سن سیٹ ریویو نوٹس کی اشاعت کے 45 دن کے اندر داخل کرنے کی ہدایت کی تھی جس کی مدت 25 اپریل کو پوری ہوگئی ہے۔ تاہم ابھی تک کمیشن نے کسی درخواست کے وصول ہونے کے بارے میں کوئی نوٹس جاری نہیں کیا۔ اپنے نوٹس میں کمیشن نے کہا ہے کہ اس فیصلے کے خلاف اس کیس میں این ٹی سی کے پاس رجسٹرڈ فریقین ایک ماہ کے اندر اندر سماعت کے لئے درخواست کر سکتے ہیں۔ کمیشن نے یہ کارروائی میسرز انڈس پینسل لمیٹڈ کراچی کی اس سلسلے میں 13 دسمبر 2017 کو دائر کی گئی درخواست پر کارروائی کرتے ہوئے عائد کی ہے۔ چار ماہ کے بعد یہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی دو یا تین سال کے لئے نافذ کی جاسکتی ہے اس اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کا اطلاق لیڈ پینسل (رائٹنگ و کلر) جو کہ پی سی ٹی ہیڈنگ 9606.1000 کے تحت درآمد ہوتی ہیں پر اس اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کا اطلاق ہوگا۔

**Anti-dumping Duty Rates**

| Exporter/ Producer Name | Duty Rates (%) |
|---|---|
| Zhejiang Best Intenerated Pencil Wood Co. Ltd. | 4.55 |
| Zhejiang Hongxing Stationery Co. Ltd. | 22.55 |
| Zhejiang Shengming Stationery Co. Ltd. | 34.50 |
| Zhejiang Hongye Pencil Industry Co. Ltd. | 51.39 |
| Fujian Songxi Huilian Stationery Co. Ltd. | 22.82 |
| Zhejiang Qingyuan Baolong Stationery Co. Ltd. | 25.59 |
| All others from China | 51.39 |

## مسعود احمد خان کی کتاب "معلومات قرآن حکیم" شائع ہوگئی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے اکاؤنٹنٹ مسعود احمد خان کی کتاب "معلومات قرآن کریم" شائع ہوگئی ہے۔ کتاب میں قرآن مجید کی تمام سورتوں کا تعارف، خلاصہ اور فضائل کو شامل اشاعت کیا گیا ہے۔ مسعود احمد خان گزشتہ 20 سالوں سے اپیما سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے یہ کتاب چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بکیا، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس، فیصل سوز سمیت بیشتر اراکین کو ہدیہ کیں۔

# وفاقی وصوبائی سیلز ٹیکس کی یکسانیت کیلئے قوانین جاری

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاق اور صوبوں نے سیلز ٹیکس میں ہم آہنگی کے لئے نئے قوانین جاری کردیئے ہیں اس کے مطابق یہ قوانین یکم مئی 2023ء سے نافذ ہوجائیں گے۔ ان قوانین کا مقصد ٹیکس کی ادائیگی کو آسان بنانا اور پاکستان میں مختلف جیوریڈکشن میں ٹیکس پیئرز کو سہولیات فراہم کرنا ہے۔ ایف بی آر نے اس سلسلے میں ایس آر او 494 جاری کردیا ہے۔ اس کے تحت ایف بی آر اور صوبائی ریونیو حکام نے ایڈورٹائزنگ ایجنٹس، انشورنس اور ری انشورنس، انشورنس ایجنٹس اور انشورنس بروکرز، فرنچائز سروسز، انٹلیکچوئیل پراپرٹی اور لائسنسنگ سروسز اور سامان کی نقل و حمل سے متعلق خدمات کی فراہمی کی جگہ کی وضاحت کے لئے یہ قوانین جاری کئے ہیں۔ یکساں قوانین کا اجرا پورے ملک میں جی ایس ٹی کی ہم آہنگی کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ سندھ، پنجاب اور بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ قوانین کے موازنہ سے مخصوص خدمات پر یکساں سیلز ٹیکس عائد کرنے کا پتہ چلتا ہے۔ اگر ان قوانین کے مطابق سروسز ٹرانزیکشن ایک سے زیادہ صوبوں میں فراہم کیا جائے تو سروسز فراہم کرنے والے اس کے ایک تعین سے ان پٹ ٹیکس حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ان قوانین کے مطابق بجلی کی فراہمی کو بھی یکم جولائی 2023ء سے سروسز میں متصور کیا جائے گا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# تھرمل پیپر، فیکس پیپر رولز کی ویلیوایشن کی نئی رولنگ کا اجرا، تمام آئٹمز میں 20 ڈالر فی ٹن کا اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹریٹ کسٹم ویلیوایشن کسٹم ہاؤس کراچی کے ڈائریکٹر ویلیوایشن فیاض رسول میکن نے 17 اپریل 2023 کو تھرمل پیپر، فیکس مشین پیپر ان رولز کی رولنگ نمبر 1767/2023 جاری کردی ہے۔ رولنگ جاری کرتے ہوئے ڈائریکٹر ویلیوایشن فیاض رسول میکن نے رولنگ میں لکھا ہے کہ رولنگ تین سال پرانی ہوگئی تھی اس لئے اس کے نئے اجرا کی ضرورت کو محسوس کیا گیا۔ فریقین کا اجلاس 7 اپریل 2023 کو منعقد ہوا جس میں ان آئٹم کی ویلیوایشن سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران فریقین کہا کہ ان آئٹمز کی ویلیو میں معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ رولنگ نمبر 1767 میں مزید کہا گیا ہے کہ ویلیو ایشن کا تعین دفعہ 25 میں موجود طریقہ کار کو اختیار کر کے کیا گیا ہے۔ دفعہ (1)25 کے تحت ٹرانزیکشنل قیمتیں قبول نہیں کی جا سکتیں کیونکہ مکمل معلومات دستیاب نہیں تھیں۔ دفعہ & (5) 25 (6) کے اطلاق کے طریقہ کار کے طریقہ کار موجود ہے لیکن موجود شواہد کی بنیاد پر اس طریقہ پر مکمل طور پر انحصار نہیں کیا جاسکتا لہذا طریقہ کار کے جائزہ کے بعد صرف 25 ( 7 ) کے تحت Deductive Value Method کا طریقہ کار ہی قابل عمل تھا لہذا اسی طریقہ کار کو اختیار کرتے ہوئے تھرمل پیپر، فیکس مشین پیپر ان رولز کی ویلیوایشن کا تعین کیا گیا ہے۔ آن لائن طریقہ کار اختیار کیا گیا تا کہ صحیح ویلیوایشن کا تعین ہو سکے۔ لہذا کسٹم ایکٹ کی دفعہ (7) 25 کے تحت اس کی ویلیو ایشن کے لئے قیمتیں جاری کی جارہی ہیں۔ ان آئٹمز کی درآمدی ویلیوز چارٹ میں دی گئی ہے۔ رولنگ میں کہا گیا ہے کہ اس رولنگ کے خلاف اپیل اس کے اجراء کے 30 دن کے اندر ڈائریکٹر جنرل ویلیوایشن کے پاس کی جاسکتی ہے اور ڈی جی کے فیصلے کے خلاف اپیل کسٹم اپیلٹ ٹریبونل میں 60 دن کے اندر کی جاسکتی ہے۔ اس رولنگ کا اطلاق آئندہ آنے والے کنسائنمنٹ پر ہوگا اور اس وقت تک ہوگا جب تک محکمہ اس میں تبدیلی نہ کرے یا اس پر عمل درآمد روک دے۔ اس رولنگ کا اطلاق ان کیسز پر ہوگا جن کی ڈیکلیرڈ ویلیو اس رولنگ سے کم ہونگی۔ تاہم رولنگ سے زائد ویلیو کی صورت میں کسٹم آفیسر ڈیکلیئرڈ ویلیوز یر دفعہ (i)25 قبول کرے گا۔ نئی رولنگ میں تمام آئٹمز میں 20 ڈالر فی ٹن ک اضافہ کیا گیا ہے۔ ذیل میں سابقہ اور موجودہ رولنگ کا تقابلی جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

| S# | Description of Goods | PCT | Proposed PCT for WeBOC | Origin | Custom Values (C&F) in US$ /Kg Ruling No. 1388 (05-09-2019) | Custom Values (C&F) in US$ /Kg Ruling No. 1767 (17-04-2023) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Thermal Paper in Roll <u>Length upto 500 meter,</u> Width less than 210 mm | 4811.5910 | 4811.5910.1000 | China | 2.00 | 2.20 |
| | | | 4811.5910.1100 | Korea | 2.05 | 2.25 |
| | | | 4811.5910.1200 | Others | 2.10 | 2.30 |
| 2 | Thermal Paper/Fax Paper in Roll (for Fax machines) <u>Length upto 500 meter,</u> Width less than 210 mm | 4811.5910 | 4811.5910.1300 | China | 1.80 | 2.00 |
| | | | 4811.5910.1400 | Korea | 1.85 | 2.05 |
| | | | 4811.5910.1500 | Others | 1.90 | 2.10 |
| 3 | Thermal Paper/Fax Paper in Jumbo Roll <u>Length more than 500</u> meters, of any width | 4811.5910 | 4811.5910.1600 | China | 1.60 | 1.80 |
| | | | 4811.5910.1700 | Korea | 1.65 | 1.85 |
| | | | 4811.5910.1800 | Others | 1.70 | 1.90 |

**Note:** ***Any kind of Printing on any size of Roll, US$ 0.50/kg will be added in the C & F Customs values.***

# پاکستانیوں کو 8 ممالک میں ویزا فری انٹری، 34 میں پہنچنے پر ویزا کی سہولت

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستانی شہریوں کو 8 مما لک میں مکمل ویزا فری انٹری حاصل ہے اور دو ملکوں میں پری انرولمنٹ اور پرمٹ کی بنیاد پر انٹری کی سہولت حاصل ہے جبکہ 34 مما لک پاکستانیوں کو 90 دن تک آن ارائیول ویزا دیتے ہیں۔ پاکستانی بغیر ویزہ بار باڈوس، ڈومینیکا، گمبیا، ہیٹی، مائیکرونیشیا، سینٹ ونسینٹ اینڈ دی گریناڈینز، ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو اور وینوا میں تین ماہ تک قیام کر سکتے ہیں۔ قطر میں پاکستانی حیا انٹری پر مٹ کی بنیاد پر 30 دن اور آئیوری کوسٹ میں پری انرولمنٹ کی بنیاد پر 90 دن قیام کر سکتے ہیں۔ وہ مما لک جہاں پاکستان کو آن ارائیول ویزے کی سہولت حاصل ہے ان میں انگولا، آذربائیجان، بولیویا، برونڈی، کمبوڈیا، کیپ ورڈے، کوموروس، کانگو، جبوتی، ایتھوپیا، گبون، گینیا، گینیا بیساو، کینیا، لیسوتھو، مڈغاسکر، ملاوی، ملائیشیا، مالدیپ، موریطانیہ، نیپال، نائیجریا، پالاو، روانڈا، ساموا، سشلی، سیرالیون، صومالیہ، جنوبی سوڈان، سوری نیم، تیمورلیسٹ، ٹوگو، تووالو اور یوگانڈا شامل ہیں۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آرٹ پیپر اور اسٹیکر کی قیمتوں میں کمی، مقامی ڈپلیکس بورڈ میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی دیکھنے میں آئی اور 26 اپریل 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ عوامی ایچ پی، فوجی اور بائیک پولو کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ نیویا آرٹ پیپر گلوس / میٹ ،آرٹ پیپر جاپان او جے آئی، اسٹیکر پیپر یونگی چائنا، گولڈن ٹیک جی ایس ایف ، پاورٹیک چائنا، وائی ایم سی چائنا، نیکسز پرو چائنا اور لیبل ٹیک چائنا کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 615 روپے سے کم ہو کر 600 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 615 روپے سے کم ہوکر 600 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز 104، 23x36 گرام، تمام سائز 113، 30x40 گرام ،تمام سائز 128، 23x36 گرام، 520 روپے سے کم ہو کر 475 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ عوامی / ایچ پی تمام سائز تمام گرام، 156 روپے سے بڑھ کر 160 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ فوجی تمام سائز تمام گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 165 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ بائیک پولو تمام سائز تمام گرام، 180 روپے سے بڑھ کر 195 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا آریا 70 گرام، 1380 روپے سے کم ہو کر 1360 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے ۔ میرم دبئ 70 گرام، 1380 روپے سے کم ہوکر 1375 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 6100 روپے سے کم ہو کر 5700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز ، 5500 روپے سے کم ہوکر 5000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاورٹیک چائنا 20x30 سائز ، 5500 روپے سے کم ہوکر 4800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 6300 روپے سے کم ہوکر 5000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز ، 5400 روپے سے کم ہوکر 4900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 5800 روپے سے کم ہوکر 5500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## پندرہ دن میں انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں کمی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 12 اپریل اور 27 اپریل کے پندرہ دنوں میں ڈالر کی قدر میں انٹر بینک میں 3 روپے کی کمی دیکھی گئی ہے۔ واضح رہے کہ عید الفطر کے باعث بیرون ملک سے ترسیل زر میں اضافہ ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے انٹر بینک میں کمی ہوئی ہے۔ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں 5 روپے کی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ 12 اپریل کو اوپن مارکیٹ میں ڈالر 295 روپے میں فروخت ہو رہا تھا جو 27 اپریل کو 290.45 روپے پر آ گیا جبکہ انٹر بینک میں ڈالر 286 روپے سے کم ہوکر 283 روپے پر آ گیا۔

# اظہار تعزیت

ہم **جناب نعمان علی** (اسسٹنٹ ایڈیٹر)، ہفت روزہ پیپر بزنس، کراچی

سے ان کے والد محترم **محمد ابراہیم** (مرحوم) کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار

کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ تمام لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت و طاقت دے اور

انہیں مرحوم کے لئے صدقہ جاریہ بنائے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔

چیف ایڈیٹر و دیگر عملہ ہفت روزہ پیپر بزنس، کراچی۔

1989 سے مسلسل اشاعت
ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

A-144, 1st Floor, Bhayani Shopping Center,
Block "M" North Nazimabad, Karachi - Pakistan.
Cell/Whatsapp: 0308-2933229 Email: weeklypaperbusiness@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# انڈونیشیا سمیت دیگر ممالک کی عالمی تجارت میں ڈالر کے استعمال کو ختم کرنے کیلئے کوششیں تیز

کراچی (نیوز ڈیسک) دنیا کی بڑی معیشتوں کی جانب سے قائم کیے گئے معاشی تنظیم (برکس) نے ڈالر کی بجائے ایک نئی ریزرو کرنسی لانے پر کام شروع کر دیا ہے اور اب انڈونیشیا نے بھی اپنی معیشت، تجارت اور مالی لین دین سے ڈالر کو دور کرنے کیلئے برکس گروپ کی پالیسی پر کام شروع کر دیا ہے۔ انڈونیشیا کے مرکزی بینک کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ انڈونیشیا نے سرحد پار تجارت کیلئے مقامی کرنسی کا نظام متعارف کرایا ہے۔ مرکزی بینک کے گورنر کا کہنا ہے کہ مقامی نظام برکس گروپ کی پالیسی کے مطابق کام کر رہا ہے اور ہم اسی سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انڈونیشیا کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات ٹھوس ہیں۔ یاد رہے کہ انڈونیشیا نے پہلے ہی کئی ملکوں کے ساتھ مقامی کرنسی میں لین دین شروع کر دیا ہے جن میں تھائی لینڈ، ملائیشیا، چین اور جاپان شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جنوبی کوریا کے ساتھ بھی اسی نوعیت کی تجارت کا معاہدہ مئی میں ہونے کی توقع ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں برکس کی جانب سے مشترکہ بیان جاری کیا گیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ لین دین اور ادائیگیوں کیلئے پیمنٹ نیٹ ورک تشکیل دیا جائے گا تاکہ مغربی مالیاتی نظام بالخصوص ڈالر پر انحصار ختم کیا جا سکے۔ تنظیم کے رکن ممالک تیزی سے مقامی کرنسیوں میں لین دین کر رہے ہیں اور نئی ریزرو کرنسی لانے پر بھی کام جاری ہے۔ گزشتہ ماہ چین اور برازیل کے درمیان بھی مقامی کرنسی میں تجارت کے معاہدے پر دستخط ہوئے تھے اور اس طرح یہاں سے بھی ڈالر کا صفایا ہو گیا۔ امریکا کی سربراہی میں مغربی ممالک کی جانب سے روس پر تابڑ توڑ پابندیوں کے دیکھتے ہوئے چین نے بین الاقوامی تجارت میں ڈالر کا استعمال ختم کرنے کیلئے کوششیں تیز کر دی ہیں۔ بھارتی پالیسی سازوں نے بھی ڈالر کی بجائے روسی کرنسی روبیل یا بھارتی روپے میں لین دین کے حوالے سے اقدامات کیے ہیں۔ کریمیا کے روس میں ضم ہونے کے بعد سے مغربی ممالک نے پہلی مرتبہ 2014ء میں روس پر پابندیاں عائد کرنا شروع کی تھیں جس کے بعد سے ہی روس نے اپنی معیشت سے ڈالر کا اثر ختم کرنے کیلئے کام شروع کر دیا تھا۔ حال ہی میں روسی صدر ولادیمیر پوتن نے تجویز دی تھی کہ وسیع بنیادوں پر چائنیز کرنسی یوآن کو تجارت میں استعمال کیا جانا چاہئے اور یہ صرف روس چین تجارت میں نہیں بلکہ افریقہ اور لاطینی امریکا کے جن ممالک کے ساتھ روس تجارت کرتا ہے وہاں بھی کرنسی کا یہی معیار اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ یاد رہے کہ برکس میں برازیل، روس، بھارت، چین اور جنوبی افریقہ شامل ہیں۔ پاکستان نے بھی حال ہی میں روس سے تیل کی خریداری روسی کرنسی میں کی ہے۔

## 20 تا یکم مئی 8 دن کاروباری سرگرمیاں معطل رہیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) رمضان المبارک کے اختتام پر حکومت کی جانب سے عیدالفطر کی طویل پانچ روزہ تعطیلات 20 تا 25 اپریل 2023 کے بعد کاروباری سرگرمیاں اور بینک 26 اور 28 اپریل تک کھلے اور پھر ہفتہ 29 اتوار 30 اپریل اور یکم مئی کی تعطیل کے باعث تین روز کے لئے بند ہو گئے اس طرح گزشتہ 11 دنوں میں سے 8 دن کاروباری سرگرمیاں و بینک بند رہے۔

# ترکیہ سے 10 سال تک پیپر و پیپر بورڈ 10 فیصد کسٹم ڈیوٹی پر درآمد کرنے کی اجازت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے معاہدے کے تحت وفاقی حکومت نے ترکیہ سے 10 سال تک رعایتی ٹیکس پر اشیاء و خام مال درآمد کرنے کی اجازت دے دی۔ رعایتی ٹیکس پر درآمد کا اطلاق یکم مئی 2023 سے ہوگا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معاہدے کے تحت اگلے 10 سال کے لیے ترکیہ سے رعایتی ڈیوٹی پر اشیاء درآمد کی جاسکیں گی۔ نوٹیفکیشن میں یکم مئی 2033 تک کے لیے سالانہ بنیادوں پر رعایتی کسٹمز ڈیوٹی اور ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی کی شرحوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ پہلے سال یکم مئی 2023 سے رعایتی ڈیوٹی و ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی کا اطلاق ہوگا جس کے تحت بلیک ٹی کوکا پاوڈر، فوڈ انڈسٹری میں استعمال ہونے والے مختلف فلیورز، چیونگم کی مینوفیکچرنگ میں استعمال ہونے والے گم بیسڈ میٹریل سمیت دیگر اشیاء صفر کسٹمز ڈیوٹی اور 2 فیصد ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی پر درآمد کی جاسکیں گی۔ نوٹیفکیشن میں اگلے 10 سال کے لیے رعایتی ڈیوٹی و ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی کی شرحوں کا تعین کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ یکم مئی 2023 سے پہلے سال ترکیہ سے سیب، انار، شیلڈ زایریٹڈ واٹر، چاکلیٹ، فیس اور اسکن کریم، لوشنز، پوتھیلین، پیپر اور پیپر بورڈ، کینولہ سمیت دیگر اشیاء کی درآمد پر کسٹمز ڈیوٹی کی شرح 10 فیصد جبکہ ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی کی شرح 7 فیصد لاگو ہوگی۔ اس کے علاوہ کارن فلیکس اور شیمپو کی درآمد پر 16 فیصد کسٹمز ڈیوٹی جبکہ ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی صفر ہوگی، گلوکوز اور گلوکوز سیرپ اور آئی ڈراپس، مچھر مار کوائلز، باکسز اور مختلف کیسز کی درآمد پر 16 فیصد کسٹمز ڈیوٹی، 5.83 فیصد ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی لاگو ہوگی۔ کتے اور بلیوں کی خوراک کی درآمد پر 16.67 فیصد کسٹمز ڈیوٹی اور 7 فیصد ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی عائد ہوگی۔ کھل کی درآمد پر ساڑھے 5 فیصد کسٹمز ڈیوٹی اور 2 فیصد ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی لاگو ہوگی۔ اس کے علاوہ بھی دیگر اشیاء کی رعایتی کسٹمز ڈیوٹی اور ایڈیشنل کسٹمز ڈیوٹی کی ادائیگی پر درآمد کی اجازت دی گئی ہے۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اپریل جون 2023 کیلئے 25 کھرب 80 ارب روپے کے ٹیکسز اکٹھا کرنیکا بڑا ٹاسک

اسلام آباد(نیوز ڈیسک)فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو 7.64 ٹریلین روپے کے سالانہ ٹیکس وصولی کے مطلوبہ ہدف کو پورا کرنے کے لیے گزشتہ سہ ماہی (اپریل تا جون) ( کی مدت میں 25 کھرب 80 ارب روپے کی آمدنی حاصل کرنے کے لیے ایک بہت بڑا کام سونپ دیا گیا ہے۔ اعلیٰ سرکاری ذرائع نے پس منظر کی گفتگو میں دی نیوز کو بتایا کہ پچھلی سہ ماہی میں 2.58 ٹریلین روپے کی آمدنی حاصل کرنے کا ایک بہت بڑا ٹاسک اکٹھا کرنے کی کوشش میں ایف بی آر نے ٹیکس میں اضافے کے مطالبات پیدا کرنے ، درآمدات میں بتدریج اضافے اور ٹیکس کی وصولی کو زیادہ سے زیادہ کرنے اور 7.64 ٹریلین روپے کے مطلوبہ ٹیکس وصولی کے ہدف کے قریب پہنچنے کے لیے انکم ٹیکس سے وصولی میں اضافہ کرنے کی حکمت عملی وضع کی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے دباؤ میں بڑے پیمانے پر اضافے ، شرح مبادلہ کی قدر میں کمی اور حکومت کی جانب سے جاری مالی سال میں اب تک 800 ارب روپے سے زائد ٹیکس لگانے کے باوجود مطلوبہ سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف حاصل کرنا کافی مشکل ہوگا۔ تازہ ترین منی بجٹ میں حکومت نے جی ایس ٹی کی شرح 17 سے بڑھا کر 18 فیصد کرکے 170 ارب روپے کے اضافی ٹیکس لگائے اور بعض لگژری آئٹمز پر 25 فیصد جی ایس ٹی لگا دیا لیکن اب تک اس نے ایف بی آر کو اپنی کم ہوتی ہوئی ٹیکس وصولی کو بہتر بنانے میں مدد نہیں کی۔ ایف بی آر کے ایک عہدیدار نے رابطہ کرنے پر بتایا کہ سب کو معلوم ہے کہ منی بجٹ آنے والا ہے اس لیے بااثر سیکٹر نے اپنی ٹیکس ذمہ داریوں کو آگے بڑھایا لیکن امید کی جا رہی ہے کہ مئی اور جون 2023 کے آخری دو مہینوں میں محصولات کی وصولی میں تیزی آئے گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم ٹیکس وصولی کے مطلوبہ ہدف کے قریب جانے کے لیے اپنی تمام تر کوششیں کریں گے۔ جب ان سے صحیح وضع کردہ حکمت عملی کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں 50 ارب روپے کے مقابلے میں اب تک 110 ارب روپے سے زائد کی ٹیکس ڈیمانڈ پوری ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ان لگژری آئٹمز پر ریگولیٹری ڈیوٹی نہ لگانے کا فیصلہ کیا جن پر ایس آر اوز نے حال ہی میں درآمدات کو بڑھانے کے مقصد سے ختم کر دیا۔ امید ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام بحال ہو جائے گا اور پھر پچھلے دو ماہ میں درآمدات میں اضافہ ہو جائے گا جس سے ایف بی آر کو ٹیکس وصولی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ تیسرا یہ کہ ایف بی آر انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کی بہتر وصولی کے ذریعے کسٹمز ڈیوٹی اور دیگر درآمدی متعلقہ ٹیکسوں کے ذریعے درآمدات کی کمی کو پورا کرنے کی کوشش کرے گا۔ تاہم آزاد ٹیکس تجزیہ کاروں کا خیال ہے کہ ایف بی آر 7.64 ٹریلین روپے کا ٹیکس وصولی کا اپنا نظر ثانی شدہ ہدف حاصل نہیں کر سکے گا اس لیے معاشی سرگرمیوں میں سست روی کے پیش نظر 150 ارب سے 200 ارب روپے کا شارٹ فال متوقع ہے۔ دریں اثنا وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایف بی آر کی ٹیم سے کہا ہے کہ ملک میں ٹیکس کے حقیقی امکانات کے حصول کے لئے کوششوں کو تیز کیا جائے، مالی سال کے بقیہ مہینوں میں اہداف کو پورا کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرینگے۔ وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو کی زیر صدارت ایف بی آر کی ریونیو کارکردگی کے حوالے سے منگل 25 اپریل 2023 کو فنانس ڈویژن میں اجلاس ہوا۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے خزانہ طارق باجوہ، معاون خصوصی برائے ریونیو طارق محمود پاشا، چیئرمین ایف بی آر، اور فنانس ڈویژن اور ایف بی آر کے دیگر سینئر افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے جولائی 2022 سے مارچ 2023 کے ایف بی آر کے ریونیو اہداف اور کارکردگی کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ اس بات کا اظہار کیا گیا کہ ایف بی آر مالی سال 2022- 23 کے بقیہ مہینوں میں اپنے اہداف کو پورا کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گا۔ وزیر خزانہ نے اطمینان کا اظہار کیا اور ایف بی آر کو ریونیو کی وصولی کے لیے اپنے فرائض کی انجام دہی میں مکمل تعاون فراہم کیا۔ واضح رہے کہ ایف بی آر کو ٹیکس ریونیو میں شارٹ فال کا سامنا ہے یہ شارٹ فال درآمدات پر پابندی کے باعث ہے، ایف بی آر نے رواں مالی سال 7641 ارب روپے کا ٹیکس ریونیو جمع کرنا ہے جبکہ رواں برس کے نو ماہ میں ایف بی آر نے 5156 ارب روپے کا ٹیکس ریونیو جمع کیا گیا ہے۔

## ایف بی آر کے سینئر عہدیداروں نے نئی ذمہ داریاں سنبھال لیں

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) ملک بھر میں ایف بی آر کے نئے عہدیداروں نے بدھ 26 اپریل 2023 کو اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں جن میں انکم ٹیکس فیڈرل ایکسائز اور سیلز ٹیکس اور پاکستان کسٹم کے بنیادی اسکیل 21 تک کے سینئر افسر شامل ہیں، کراچی کے چیف کمشنر ایل ٹی یو نے ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل ٹیکس آپریشنز کا عہدہ سنبھال لیا ، بدھ 26 اپریل کو ان لینڈ ریونیو سروس کے بنیادی سکیل 21 کے افسر شاہد اقبال بلوچ نے چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو لارج ٹیکس پیئرز آفس کراچی کا عہدہ خالی کر دیا اور ڈائریکٹر جنرل ڈائریکٹریٹ جنرل آف انٹرنیشنل ٹیکس آپریشنز کا نیا عہدہ سنبھال لیا ان لینڈ ریونیو سروس کے بنیادی سکیل 20 کے افسر جاوید اقبال نے کمشنر ان لینڈ ریونیو (انفورسمنٹ-I) میڈیم ٹیکس پیئرز آفس کراچی کا چارج دے کر کراچی میں میڈیم ٹیکس پیئرز آفس کے کمشنر ان لینڈ ریونیو زون III کا چارج لے لیا۔ بدھ 26 اپریل کو ان لینڈ ریونیو سروس کی افسر مس صائمہ اعجاز نے کمشنر ان لینڈ (آڈٹ I) کارپوریٹ ٹیکس آفس لاہور کا عہدہ چھوڑ کر کمشنر ان لینڈ ریونیو (زون V) کارپوریٹ ٹیکس آفس لاہور کا چارج سنبھال لیا بورڈ کے نوٹیفکیشن نمبر 0852-IR-1-2023 پر عمل کرتے ہوئے ان لینڈ ریونیو سروس کے بنیادی اسکیل 20 کے افسر محمد اسلم مری نے کمشنر آئی آر (آڈٹ III) کارپوریٹ ٹیکس آفس کراچی کا چارج دے کر کمشنر ان لینڈ ریونیو زون IV کارپوریٹ ٹیکس آفس کراچی کا عہدہ سنبھال لیا۔ 26 اپریل بدھ کے روز ان لینڈ ریونیو سروس کے بنیادی اسکیل 19 کے افسر نیاز محمد نے ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈائریکٹریٹ آف DNFBP کا چارج دے کر ڈائریکٹر ops ڈائریکٹریٹ آف DNFBP کا چارج لے لیا۔

## محکمہ کسٹم کے افسران کے تبادلے

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے گریڈ 19 تا گریڈ 21 کے 28 افسران کے تبادلوں و تقرریوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 21 کے واجد علی کو ڈائریکٹر جنرل پاکستان کسٹمز اکیڈمی کے ساتھ ڈائریکٹر جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ کی ذمہ داریاں بھی دی گئیں جبکہ گریڈ 20 کے چوہدری محمد جاوید کو چیف ایف بی آر اسلام آباد کراچی اسٹیشن، ممتاز علی کھوسو کو چیف ایف بی آر اسلام آباد کراچی اسٹیشن، عرفان الرحمن خان کو کلکٹر، انفورسمنٹ کوئٹہ محمد محسن رفیق کو کلکٹر ایس اے پی ٹی کے ساتھ کلکٹر ایسٹ کی ذمہ داریاں بھی دیدی گئیں ہیں، انجینئر ریاض احمد میمن کو کلکٹر گوادر، رضا کو کلکٹر ایڈجیوڈیکشن ون کراچی، ڈاکٹر محمد ندیم میمن کو ڈائریکٹر کسٹمز انٹیلی جنس کوئٹہ، سمیع الحق کو ڈائریکٹر پوسٹ کلیئرنس آڈٹ اسلام آباد، محمد ثاقف سعید کو ڈائریکٹر ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، آصف عباس کو ڈائریکٹر کسٹمز انٹیلی جنس ملتان، عثمان باجوہ کو کلکٹر ایکسپورٹ کراچی ، فیاض رسول کو ڈائریکٹر ویلیوایشن کے ساتھ کلکٹر کراچی ایئرپورٹ کی ذمہ داریاں دی گئیں ہیں، محمد طاہر کلکٹر اپیل اسلام آباد، محمد عامر تھیم کو کلکٹر انفورسمنٹ کراچی، انجینئر حبیب احمد کو ڈائریکٹر، کسٹمز انٹیلی جنس کراچی، گریڈ 19 کے جمشید علی تالپور کو کلکٹر (او پی ایس) حیدرآباد، محمد سعید اسد کو ڈائریکٹر (او پی ایس) لاء اینڈ پروسیکیوشن لاہور، محمد حارث انصاری کو ڈائریکٹر (او پی ایس) کسٹمز انٹیلی جنس اسلام آباد، رحمت اللہ وسترو کو کلکٹر (او پی ایس) انفورسمنٹ ملتان ، محمد راشد منیر صدیقی کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، پاکستان کسٹمز اکیڈمی لاہور، علی رضا ترابی کو ایڈیشنل ڈائریکٹر ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی ، ڈاکٹر عمران رسول خان کو ایڈیشنل ڈائریکٹر ریفارمس اینڈ آٹومیشن اسلام آباد، شوکت حیات کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، پاکستان کسٹمز اکیڈمی کراچی، عبیداللہ کو سیکریٹری ایف بی آر اسلام آباد، امجد حسین راجپر کو ایڈیشنل کلکٹر، انفورسمنٹ کراچی، طاہر اقبال خٹک کو ایڈیشنل کلکٹر، انفورسمنٹ سرگودھا، امان اللہ سومرو کو ایڈیشنل کلکٹر پورٹ قاسم کراچی کے عہدوں پر تعینات کیا گیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## نیشنل سیکورٹی پرنٹنگ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: N-LP/T-324/23

وائٹ آفسیٹ پیپر، سائز 85,18x24 گرام، تعداد: 300 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 9 مئی 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، مین گیٹ فیکٹری جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔

فون: 021-99248511 EXT:2204-2216

## یونیورسٹی آف سندھ کا پیپر ولفافوں کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PSO/UOS/467

ڈگری پیپر امپورٹڈ، سائز 210,22x31 گرام، 300 پیکٹ

براؤن پیپر شیٹس، سائز 70,35x47 گرام، 40 ریم

فلائنگ پیپر، سائز 68,23x36 گرام، تعداد: 2650 ریم

سیما سیٹ پیپر، سائز 100,27x34 گرام، تعداد: 400 ریم

پلین پیپر A4 سائز، 70 گرام، امپورٹڈ، BLC، تعداد: 2500 ریم

پلین پیپر، لیگل سائز، 70 گرام، امپورٹڈ، IK، تعداد: 500 ریم

لفافے خاکی، سائز 110,12x15 گرام، تعداد: 50000 عدد

لفافے خاکی، سائز 110,5x11 گرام، تعداد: 25000 عدد

لفافے خاکی، سائز 110,9x4 گرام، تعداد: 30000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 11 مئی 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز اسٹور آفیسر، پرچیز اینڈ اسٹور سیکشن آفس، A-05، علامہ آئی آئی قاضی کیمپس، یونیورسٹی آف سندھ، جامشورو۔

فون: 022-9213-224

## سول ایوی ایشن اتھارٹی کے پیپر واسٹیشنری کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر: 9860

